حکومت پاکستان

منسٹری آف کمیونیکیشن

نیشنل ہائی ویز اینڈ موٹرویز پولیس

اسامیاں خالی ہیں

اہلیت، میرٹ کو یقینی بنانے کیلئے نیشنل ہائی ویز اینڈ موٹروے پولیس (این ایچ اینڈ ایم پی) میں کانسٹیبل / جونیئر پٹرول آفیسرز (بی ایس-05) کی 135 خالی نشستوں کو پُر کرنے کیلئے پاکستان ٹیسٹنگ سروس (پی ٹی ایس) کو بھرتی کے اس عمل (جسمانی ٹیسٹ، تحریری ٹیسٹ / اہلیتی اسسمنٹ، انٹرویو اور ڈرائیونگ مہارت ٹیسٹ) کو سرانجام دینے کی ذمہ داری دی گئی ہے۔ نیشنل ہائی ویز اینڈ موٹروے پولیس (این ایچ اینڈ ایم پی) میں خالی اسامیوں کو پُر کرنے کیلئے حکومت پاکستان کے طے شدہ صوبائی / علاقائی، خواتین اور اقلیتی کے درج ذیل کوٹے کے مطابق پاکستانی شہریت کے حامل موزوں (مرد / خواتین و اقلیتی) سے درخواستیں مطلوب ہیں۔

نمبر شمار	صوبہ / علاقہ	آسامیوں کی تعداد			
		عمومی	خواتین	اقلیت	کل
1	میرٹ	8	0	0	8
2	پنجاب	46	5	3	54
3	سندھ (دیہی)	11	1	1	13
4	سندھ (شہری)	7	8	3	18
5	خیبر پختونخوا	11	1	2	14
6	بلوچستان	5	7	2	14
7	گلگت بلتستان / فاٹا	4	5	1	10
8	آزاد جموں و کشمیر	2	0	2	4
	کل تعداد	94	27	14	135

درخواست فارم جمع کرانے کی

آخری تاریخ

بروز سوموار

07 اگست، 2017

اہلیت کا معیار

(مطابق این ایچ اینڈ ایم پی ایکسٹنشن، پروموشن اینڈ ٹرانسفر (اے پی ٹی) رولز 2007 (وقتاً فوقتاً ترمیم شدہ)

تعلیمی قابلیت و جسمانی ضرورت

i کسی بھی تسلیم شدہ بورڈ سے انٹرمیڈیٹ (ایف اے / ایف ایس سی یا مساوی) (کم از کم سیکنڈ ڈویژن)
ii مرد امیدوار کا کم از کم قد 5' x 8"
iii خاتون امیدوار کا کم از کم قد 5' x 4"
iv صوبہ بلوچستان سے تعلق رکھنے والے کم از کم مرد امیدوار کا قد 5' x 6" اور خاتون امیدوار کا قد 5' x 3"
v مرد امیدوار کیلئے چھاتی کی پیمائش 33" x 35" (دونوں اطراف سے کم "1 پھیلاؤ ہے)
vi کار اور موٹر سائیکل ڈرائیونگ مہارت ٹیسٹ

عمر کی حد

درخواست فارم جمع کرانے کی آخری تاریخ **07-08-2017** تک 18-25 سال

درخواست فارم کے ساتھ درج ذیل دستاویزات کی تصدیق شدہ نقول منسلک ہونی چاہیے۔

i تعلیمی سرٹیفکیٹ (میٹرک، ایف اے / ایف ایس سی یا مساوی یا ڈگری (اگر کوئی ہے)
ii قومی شناختی کارڈ
iii ڈومیسائل سرٹیفکیٹ / مقامی رہائشی سرٹیفکیٹ
iv 02 عدد پاسپورٹ سائز حالیہ تصاویر نیلے بیک گراؤنڈ کے ساتھ
v اقلیتی کوٹہ (غیر مسلم) پر درخواست دینے کی صورت میں ضلعی رابطہ آفیسر (ڈی سی او) سے دستخط شدہ حلف نامہ

25 سال کی عمر تک کے سرکاری ملازمین سے ان کی درخواستوں کے ساتھ متعلقہ ڈیپارٹمنٹ کا NOC مطلوب ہوگا۔

درخواست دینے کا طریقہ

i درخواست فارم اور ادائیگی سلپ پی ٹی ایس کی ویب سائٹ www.pts.org.pk پر دستیاب ہیں
ii امیدوار انتہائی احتیاط سے درخواست فارم پُر کریں، خاص طور پر ڈومیسائل، تعلیمی اہلیت، مذہب، تاریخ پیدائش درست طریقے سے درج کریں۔
iii ریکروٹمنٹ پراسیسنگ کے لئے -/645 روپے کی فیس ملک بھر میں HBL اور UBL کی کسی بھی برانچ میں مجوزہ آن لائن سلپ کے ذریعے جمع کرائیں۔ اگر (اصل) ادائیگی سلپ منسلک نہ کی گئی تو درخواست فارم کو قبول نہیں کیا جائے گا۔
iv ہاتھ سے مکمل شدہ درخواست فارم مع تمام متعلقہ دستاویزات (قومی شناختی کارڈ، انٹرمیڈیٹ کی مارکس شیٹ، ڈومیسائل سرٹیفکیٹ کی نقول اور اقلیت کی صورت میں حلف نامہ) پی ٹی ایس (PTS) ہیڈ کوارٹرز، تیسری منزل، عدیل پلازہ، فضل حق روڈ، بلیو ایریا، اسلام آباد (ہیلپ لائن 051-111-111-787) پر بذریعہ کوریئر بھیجی جائیں۔ نامکمل درخواستیں، مقررہ تاریخ کے بعد وصول شدہ درخواستیں اور دستی جمع کرائی گئی درخواستوں کو زیر غور نہیں لایا جائے گا۔

عمومی ہدایات

1 جسمانی ٹیسٹ (قد، چھاتی کی پیمائش اور رننگ، چھلانگ اور سپرنٹ) پر مشتمل ہوگا۔ امیدواروں سے درخواست کی جاتی ہے کہ اپنے جوگرز اور پانی کی بوتل اپنے ساتھ لائیں۔
2 شارٹ لسٹ امیدواروں میں مہارت ٹیسٹ / تحریری ٹیسٹ، ڈرائیونگ ٹیسٹ اور انٹرویو منعقد کیا جائے گا۔
3 حتمی انتخاب کے وقت امیدواروں کا معائنہ وفاقی حکومت کے مجاز سول سرجن سے کروایا جائے گا۔
4 منتخب شدہ امیدواروں کے کریکٹر کی تصدیق کی جائے گی اور بیک گراؤنڈ بھی چیک کیا جائے گا۔ غیر تسلی بخش معلومات یا مجرمانہ ریکارڈ کی صورت میں سلیکشن فوری طور پر ختم کر دی جائے گی۔
5 درخواست فارم پر دی گئی معلومات کے مطابق اصل دستاویزات کی تصدیق کی جائے گی۔ اگر کسی مرحلے پر کوئی معلومات غلط پائی گئیں تو درخواست گزار (چاہے وہ ملازم ہی کیوں نہ ہو) کو اس غلط / غیر صحیح معلومات کی بنیاد پر سروس سے برخاست کر دیا جائے گا اور اس کے خلاف قانونی کارروائی بھی کی جائے گی۔
6 پاکستان کے تمام ضلعوں / صوبوں / علاقوں کے امیدواروں سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنی درخواستیں رجسٹرڈ کوریئر کے ذریعے پی ٹی ایس (PTS) ہیڈ کوارٹرز، تیسری منزل، عدیل پلازہ، فضل حق روڈ، بلیو ایریا، اسلام آباد (ہیلپ لائن 051-111-111-787) پر بھیج دیں۔
7 سلیکشن کی صورت میں امیدوار پاکستان میں کہیں بھی این ایچ اینڈ ایم پی کے دائرہ کار میں اپنی خدمات دینے کا پابند ہوگا۔ سندھ اور بلوچستان کے ڈومیسائل رکھنے والے امیدواروں کو لازمی طور پر متعلقہ صوبے کے دائرہ کار کے اندر تعینات کیا جائے گا۔
8 ریکروٹمنٹ پراسس کے دوران امیدوار اپنا موبائل نمبر آن رکھیں۔

- مشتہر شدہ اسامیاں عارضی ہیں لیکن مستقل کا امکان ہے۔
- پی ٹی ایس کو قابل ادا ریکروٹمنٹ فیس ناقابل واپسی / غیر منتقلی ہے۔
- نیشنل ہائی ویز اینڈ موٹروے پولیس ریکروٹمنٹ پراسس کے لئے فیس چارج نہیں کر رہی ہے۔
- کوٹے کی متعلقہ کیٹگریز میں سابقہ ریکروٹمنٹس سے بھی اسامیاں شامل کی گئی ہیں۔

مزید معلومات کیلئے رابطہ کریں

Help Line: 051-111-111-787

پاکستان ٹیسٹنگ سروس

ہیڈ کوارٹر
تیسری منزل، عدیل پلازہ، فضل حق روڈ، بلیو ایریا، اسلام آباد

D(I) 421/17